بسم اللہ الرحمن الرحیم

میر حیدر نام رکھنا

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

میر حیدر نام رکھنا کیسا ہے؟

جواب

میر حیدر نام رکھ سکتے ہیں۔ "میر" کے معنی ہیں: "سردار۔ "اور"حیدر"حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ کا نام ہے، جس کے معنی ہیں: "شیر۔ "تو یوں "میر حیدر" کے معنی ہوئے: "سردار شیر"، اور بہتر یہ ہے کہ صرف "حیدر" نام رکھا جائے، کہ حضرت سیدنا مولا علی رضی اللہ تعالی عنہ کا نام ہے، اور حدیث مبارک میں اچھوں کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب دلائی گئی ہے، لہذا حدیث پاک پر عمل کرنے کی نیت اور حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ کے نام مبارک سے برکت لینے کی نیت سے حیدر نام رکھا جائے، تو ان شاء اللہ عزوجل ثواب اور برکت نصیب ہوگی۔

صحیح مسلم شریف میں ہے "فقال علي: أنا الذي سمتني أمي حيدره" ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ نے فرمایا: میں وہ ہوں کہ میری ماں نے میرا نام حیدر رکھا ہے۔ (صحیح مسلم، کتاب الجھاد، باب غزوۃ ذی قرد وغیرھا، ص724، رقم الحدیث 807، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

اس کے تحت شرح نووی میں ہے "حيدرة اسم للاسد، و كان علي رضي الله تعالى عنه قد سمي اسدا في اول ولادته" ترجمہ: حیدر، شیر کا نام ہے اور حضرت علی رضی اللہ تعالی کی پیدائش ہوتے ہی ان کا نام شیر رکھا گیا۔ (شرح النووی علی صحیح مسلم، ج06، ص425، دارالحدیث، القاھرۃ)

"المفھم لما أشکل من تلخیص کتاب مسلم" میں ہے "والهاء في (حيدره)۔۔۔زائدة للاستراحة" یعنی حیدرہ میں ہاء استراحت کے طور پہ زائد ہے۔ (المفھم لما أشکل من تلخیص کتاب مسلم، جلد3، صفحہ 682، مطبوعہ: دمشق)

المنجد میں ہے "الحیدر: شیر" (المنجد، صفحہ 142، مطبوعہ: لاہور)

میر کے معنی کے متعلق فیروز اللغات میں ہے "میر: افسر، سردار، سرکردہ، سالار، چودھری، مقدم" (فیروز اللغات، صفحہ 1393، فیروز سنز، لاہور)

نیکوں کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب:

الفردوس بماثور الخطاب میں ہے"تسموا بخیارکم"ترجمہ: اچھوں کے نام پر نام رکھو۔(الفردوس بماثور الخطاب، جلد2، صفحہ 58، حدیث2328، دارالکتب العلمیۃ، بیروت)

امام اہلسنت، امام احمد رضا خان قادری رحمۃ اللہ تعالی علیہ فرماتے ہیں: "حدیث سے ثابت کہ محبوبانِ خدا، انبیاء واولیاء علیہم الصلٰوۃ و الثناء کے اسمائے طیبہ پر نام رکھنا مستحب ہے جبکہ ان کے مخصوصات سے نہ ہو"(فتاوی رضویہ، ج24، ص685، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

نوٹ: ناموں کے بارے میں تفصیلی معلومات اور بچوں اور بچیوں کے اسلامی نام حاصل کرنے کے لیے مکتبۃ المدینہ کی جاری کردہ کتاب **"نام رکھنے کے احکام"** کا مطالعہ کیجئے۔ دیئے گئے لنک سے آپ اس کتاب کو ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں۔

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا محمد نوید چشتی عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-5122

تاریخ اجراء: 01 محرم الحرام 1448ھ/17 جون 2026ء